بچی کا نام "حمنہ" رکھنا

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3095

تاریخ اجراء: 16 ربیع الاول 1446ھ / 21 ستمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ حمنہ نام رکھنا کیسا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

حمنہ نام رکھنا جائز بلکہ باعث برکت ہے کہ یہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی صحابیہ رضی اللہ عنہا کا نام ہے اور حدیث پاک میں اچھوں کے ناموں پر نام رکھنے کا حکم فرمایا گیا ہے۔

الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ میں ہے" حمنة بنت جحش الأسدية، أخت أم المؤمنين زينب۔۔۔قال أبو عمر: كانت من المبايعات، وشهدت أحدا، فكانت تسقي العطشى۔۔الخ"ترجمہ: حمنہ بنت جحش الاسدیہ، ام المؤمنین حضرت سیدہ زینب رضی اللہ تعالی عنھا کی بہن ہیں، ابو عمر نے کہا: یہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی بیعت لینے والی صحابیات میں سے تھیں، غزوہ احد میں حاضر ہوئی تھیں، وہاں پیاسوں کو پانی پلاتی تھیں۔ (الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ، ج 8، ص 88، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے:"تسموا بخیار کم "ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد 2، صفحہ 58، حدیث 2329، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد 3، حصہ 15، صفحہ 356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دیئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net